A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# ماڈل پیپر "بینکنگ"

## برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

## حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 15

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) مرکزی بنک کا بنیادی مقصد:
(الف) امانتیں وصول کرنا　(ب) نفع کمانا　(ج) تجارتی بنکوں کو قرض دینا　(د) زرعی و معاشی نظام کو مستحکم کرنا

(ii) تجارتی بنک کا بنیادی مقصد:
(الف) سرمایہ کاری کرنا　(ب) معاشی نظام مستحکم کرنا　(ج) قرض دینا　(د) منافع کمانا

(iii) مرکزی بنک کنٹرول کرتا ہے:
(الف) زر اعتبار کو　(ب) منافع کو　(ج) غیر فہرستی بنکوں کو　(د) تینوں کو

(iv) تجارتی بنک مالی مشیر ہے:
(الف) کھاتہ داروں کا　(ب) حکومت کا　(ج) مقامی حکومت کا　(د) عوام کا

(v) چیک کے اہم فریق ہیں:
(الف) دو　(ب) تین　(ج) چار　(د) پانچ

(vi) ہنڈی کے اہم فریق ہیں:
(الف) دو　(ب) تین　(ج) چار　(د) پانچ

(vii) کس چیک کی رقم کوئی بھی وصول کر سکتا ہے؟
(الف) حکمی چیک　(ب) کراس چیک　(ج) حامل چیک　(د) مسترد چیک

(viii) بنک کا بنیادی مقصد:
(الف) زر کا لین دین ہے　(ب) کھاتہ داروں سے امانتیں لینا　(ج) منافع کمانا　(د) عمومی فلاح

(ix) تجارتی بنک کون سے آرڈی نینس کے تحت رجسٹرڈ ہوتے ہیں؟
(الف) 1913　(ب) 1984　(ج) 1932　(د) 1947

(x) اوورڈرافٹ کی سہولت مہیا کی جاتی ہے صرف:
(الف) کھاتہ دار کو　(ب) تمسک دار کو　(ج) حصہ دار کو　(د) تینوں کو

(xi) کرنسی نوٹ جاری کرنے پر اجارہ داری ہے:
(الف) تجارتی بنک کو　(ب) حکومت کو　(ج) مرکزی بنک کو　(د) تینوں کو

(xii) مرکزی بنک کس بنک کی ہنڈیوں کو بٹہ لگاتا ہے۔
(الف) فہرستی بنک　(ب) غیر فہرستی بنک　(ج) زرعی بنک　(د) صنعتی بنک

(xiii) پاکستان میں حساب گھر کے فرائض سر انجام دیتا ہے۔
(الف) فہرستی بنک　(ب) غیر فہرستی بنک　(ج) مبادلہ کا بنک　(د) مرکزی بنک

(xiv) مرکزی بنک کا گورنر کون منتخب کرتا ہے۔
(الف) عوام　(ب) حکومت　(ج) حصہ داران　(د) سیاست دان

(xv) مرکزی بنک کس بنک کی ہنڈیوں کو بٹہ لگاتا ہے ؟
(الف) فہرستی بنک　(ب) غیر فہرستی بنک　(ج) زری بنک　(د) صنعتی بنک

# ماڈل پیپر "بینکنگ"

## برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

## حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 60

## حصہ اول

**سوال نمبر 2- کوئی سے 6 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) بنک کی تعریف کیجئے۔

(ii) بنک کے ارتقاء کے مراحل کے نام لکھیں۔

(iii) طلبی قرضے سے کیا مراد ہے؟

(iv) چلت کھاتہ کی تعریف کیجئے۔

(v) آٹومیٹڈ ٹیلر مشین سے کیا مراد ہے؟

(vi) محفوظ زرنقد سے کیا مراد ہے؟

(vii) مرکزی بنک کی تعریف کیجئے۔

(viii) زری پالیسی سے کیا مراد ہے؟

(ix) حساب گھر کی تعریف کیجئے۔

**سوال نمبر 3- کوئی سے 6 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) فہرستی بنک کی تعریف کیجئے۔

(ii) کھاتہ کھلوانے کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

(iii) بنک میں کھاتہ کھلوانے کے مراحل کا نام لکھیں۔

(iv) بنک پاس بک سے کیا مراد ہے؟

(v) بنک کے مختلف کھاتوں کی اقسام کے نام لکھیں۔

(vi) بنک فنڈز کے مختلف ذرائع کے نام لکھیں۔

(vii) ہنڈیوں پر بٹہ لگانے سے کیا مراد ہے؟

(viii) کفالت سے کیا مراد ہے؟

(ix) کریڈٹ کارڈ سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر 4- کوئی سے 6 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) تجارتی اعتباری خط سے کیا مراد ہے؟

(ii) آئی۔او۔یو سے کیا مراد ہے؟

(iii) فارورڈ ریٹ سے کیا مراد ہے؟

(iv) بازار زر سے کیا مراد ہے؟

(v) سٹیٹ بنک آف پاکستان کے اہم شعبہ جات کے نام تحریر کیجئے۔

(vi) نیشنل بنک آف پاکستان کب اور کیوں بنایا گیا؟

(vii) زرعی ترقیاتی بنک لمیٹڈ کب اور کتنے سرمائے سے معرض وجود میں آیا؟

(viii) چیک کی تصدیق سے کیا مراد ہے؟

(ix) سٹاک ایکسچینج سے کیا مراد ہے؟

Result.pk

## حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 24=8x3

سوال نمبر 5۔ بنک کی مختلف اقسام بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 6۔ تجارتی بنک کے فرائض بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 7۔ بنک زر کی تخلیق کس طرح کرتا ہے نیز اسکی حدود بھی بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 8۔ زری پالیسی سے کیا مراد ہے؟ اسکے مقاصد بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 9۔ چیک کی مختلف اقسام بیان کیجئے۔ 8

Result.pk